سُوْرَۃُ الْكَوْثَرِ

مکہ مکرمہ میں نازل ہوئی اسکی تین ۳ آیات ہیں

رکوع نمبر ۱ آیات ۱ تا ۳ عـــمّ ۳۰/۳۳

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○ شروع خدا کا نام لے کر جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے ○

اِنَّآ اَعْطَیْنٰکَ الْکَوْثَرَ ﴿۱﴾ (اے محمد) ہم نے تم کو کوثر عطا فرمائی ہے ﴿۱﴾

فَصَلِّ لِرَبِّکَ وَانْحَرْ ﴿۲﴾ تو اپنے پروردگار کے لئے نماز پڑھا کرو اور قربانی کیا کرو ﴿۲﴾

اِنَّ شَانِئَکَ ھُوَ الْاَبْتَرُ ﴿۳﴾ ع کچھ شک نہیں کہ تمہارا دشمن ہی بے اولاد رہے گا ﴿۳﴾

ABUNDANCE

Revealed at Mecca

In the name of Allah, the Beneficent, the Merciful.

1. Lo! We have given thee Abundance;
2. So pray unto thy Lord, and sacrifice.
3. Lo! It is the insulter (and not thou) who is without posterity.

اسرار و معارف

ہم نے آپ ﷺ کو خیر کثیر عطا کی اگرچہ آخرت اور جنت میں ایک حوض کا نام بھی کوثر ہے مگر یہاں خیر کثیر بھی مراد ہے کہ کل خیر صرف آپ ﷺ کے پاس ہے اور آپ ﷺ کا دامن چھوڑ کر کہیں بھی خیر کا تصور نہیں لہٰذا آپ ﷺ اللہ کی عبادت و اطاعت کیجئے اور اسکی راہ میں قربانی کہ عرب میں اونٹ بہت پیارا تھا اور اسکی قربانی کو نحر کہتے ہیں مفہوم یہ ہے کہ پوری زندگی کا نظام عبادت میں ڈھل جائے اور مال و زر کی محبت اس کی راہ میں رکاوٹ نہ بنے بیشک آپ ﷺ کے دشمنوں کا نشان مٹ جائیگا مگر آپ ﷺ کا نام نامی قیامت تک گونجتا رہے گا کہ مشرکین نے طعنہ دیا تھا کہ آپ ﷺ کی اولاد نرینہ نہیں ہے آپ ﷺ کا نام ختم ہو جائیگا تو فرمایا کہ تم اور تمہاری نسلیں ختم ہو جائیں گی جبکہ ان کی برکات ہمیشہ دلوں کو روشن اور سینوں کو منور کرتی رہیں گی اور ہمیشہ فضا آپ ﷺ کے نام کی عظمت سے گونجتی رہے گی بیشک میدان حشر ہی کیوں نہ ہو کہ شفاعت کبریٰ بھی آپ ﷺ کا مقام ہے